© rasailojaraid.com

## محلہ قاسم پورہ ریلوے روڈ گجرات میں عظیم الشان 32 ویں سالانہ اہل حدیث کانفرنس

مورخہ 26 نومبر بروز بدھ بعد از نماز عشاء گجرات میں 32 ویں سالانہ اہل حدیث کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت مولانا سید الطاف الرحمٰن شاہ نے کی، قاری عبدالقہار امام مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث جہلم نے تلاوت کی اور حمد ونعت شاعر اسلام خالد محمود محمدی اور محمد منشاء قادری نے پیش کی۔ کانفرنس سے مولانا بنیامین عابد اور مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے مفصل خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں گجرات اور گردو نواح سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے مولانا قطب شاہ، صدیق احمد یوسفی، حافظ عبدالرحمٰن زاہد،، عامر سلیم علوی، افضل سیٹھی اور دیگر احباب نے اس کانفرنس میں شرکت کی۔

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی (میرپور) میں 11 ویں سالانہ عظیم الشان نفاذِ اسلام کانفرنس

مورخہ 29 نومبر بروز ہفتہ بعد از نماز عشاء جامع مسجد اہل حدیث چتر پڑی میں عظیم الشان نفاذِ اسلام کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس سے مولانا طارق محمود یزدانی، حافظ ذاکر الرحمٰن صدیقی، حافظ فیصل افضل شیخ، مولانا سید سبطین شاہ نقوی اور مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔

## جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک جہلم میں عظیم الشان توحید وسنت کانفرنس

مورخہ 24 دسمبر بروز بدھ بعد از نماز عشاء جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک جہلم میں عظیم الشان توحید وسنت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز قاری عثمان مختار کی تلاوت سے ہوا۔ حمد ونعت جامعہ کے طالبعلم سلیمان شاہ نے پیش کی۔ ڈاکٹر عاطف جواد نے واقعہ پشاور کی مذمت میں قرارداد پیش کی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے صدارتی خطبہ ارشاد فرمایا۔ کانفرنس سے مناظر اسلام مقرر شیریں بیان حضرت مولانا محمد نواز چیمہ صاحب نے مفصل خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دُعا سے یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔ آخر میں شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔

# وفیات

## محمد فاروق (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 3 نومبر بروز سوموار محمد فاروق کی بھاوج حاجی آئمہ میں وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## عبدالرزاق وعبدالرؤف پوران کو صدمہ

مورخہ 7 نومبر بروز جمعۃ المبارک عبدالرزاق وعبدالرؤف کی چچی محترمہ پوران میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد ظفر (چوک اہل حدیث) کو دوہرا صدمہ

مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث کے مستقل نمازی محمد ظفر کی دو جڑواں بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ جن میں سے ایک مورخہ 9 نومبر کو فوت ہوگئی جبکہ دوسری 10 نومبر بروز سوموار وفات پا گئی۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## مرزا عبدالقدوس کو صدمہ

مورخہ 11 نومبر بروز منگل مرزا عبدالقدوس کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## ضیاء الحق نعمانی لاہور کو صدمہ

مورخہ 28 اکتوبر بروز منگل بشیر احمد نعمانی مرحوم کے بڑے بھائی اور ضیاء الحق نعمانی کے تایا جان چوہدری عبدالرشید طویل علالت کے بعد چتر پڑی آزاد کشمیر میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور با اخلاق انسان تھے۔ نماز جنازہ مولانا عبدالصمود نے چتر پڑی میں پڑھائی۔

## محمد ایوب مغل کو صدمہ

مورخہ 26 نومبر بروز بدھ محمد ایوب مغل کے ماموں جان سیالکوٹ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ غائبانہ نماز جنازہ جامعہ میں نماز جمعہ کے بعد مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## ارشد محمود ومولانا خالد محمود (امام وخطیب جامع مسجد اہل حدیث حسن آباد) کو صدمہ

مورخہ 29 نومبر بروز ہفتہ ارشد محمود کی والدہ اور مولانا خالد محمود امام وخطیب جامع مسجد اہل حدیث



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حسن آباد جادہ کی ساس محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیز گار خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ شکیل احمد نیا محلّہ کو صدمہ

مورخہ 30 نومبر بروز اتوار شیخ شکیل احمد کے بھائی شیخ منیر احمد نیا محلہ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نمازی اور بااخلاق انسان تھے،مرحوم کی نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

## حفیظ اللہ بٹ اور شیخ جاوید اظہر کو صدمہ

مورخہ 4 دسمبر بروز جمعرات حفیظ اللہ بٹ کے پھوپھی زاد اور شیخ جاوید اظہر کے بھائی شیخ عبدالرحمن وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔

## حافظ تنویر احمد شمالی محلّہ کو صدمہ

مورخہ 5 دسمبر بروز جمعہ حافظ تنویر احمد امام جامع مسجد بلال اہل حدیث شمالی محلہ کے ماموں جان وفات پا گئے۔ گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد بلال اہل حدیث کے نمازی اور بااخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## منظور احمد، مطلوب احمد، مقصود احمد اور عنصر محمود (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 9 دسمبر بروز منگل منظور احمد، مطلوب احمد، مقصود احمد اور عنصر محمود کی والدہ محترمہ کوٹلہ آئمہ میں وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ، تلاوت قرآن کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## فرحان و انیس ادریس (ڈھوک جمعہ) کو صدمہ

مورخہ 16 دسمبر بروز منگل فرحان کی والدہ اور انیس ادریس کی خالہ محترمہ ڈھوک جمعہ میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## عبدالرحمٰن، محمد فیصل اور محمد بوٹا (فیصل بیکرز سوہاوہ) کو دوہرا صدمہ

مورخہ 17 دسمبر بروز بدھ عبدالرحمٰن کے بڑے بھائی، محمد فیصل کے والد اور محمد بوٹا کے تایا جان حاجی عبدالرحیم تو بہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ٹیک سنگھ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ کے نماز جمعہ کے مستقل نمازی اور انتہائی نیک اور با اخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں مولانا حافظ رحمت اللہ نے پڑھائی اور جہلم مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے بعد مولانا قطب شاہ نے ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

## محمد عمر پراپرٹی ڈیلر اور حاجی محمد امین (امین سویٹس) کو صدمہ

مورخہ 22 دسمبر بروز سوموار محمد عمر پراپرٹی ڈیلر کی والدہ اور حاجی محمد امین کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## سیف ادریس، بشیر ادریس و اقبال ادریس کو صدمہ

مورخہ 25 دسمبر بروز جمعرات سیف ادریس، بشیر ادریس اور اقبال ادریس کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)


پُرسکون عمرہ کی ادائیگی کیلئے با اعتماد نام

(لائسنس نمبر 1328)

الحراء انٹرنیشنل (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ٹریولز اینڈ ٹورز

★ اکانومی۔ 3 سٹار، 4 سٹار، 5 سٹار ہوٹل کے پیکج

★ مختلف ممالک کے وزٹ ویزوں اور ہوٹل بکنگ کیلئے رابطہ کریں۔

ہیڈ آفس: جاوید بلڈنگ سول لائن جہلم

Ph:0544-720139 0544-720239 0321-5903002

سرائے عالمگیر آفس: حسن حسین پلازہ نزد الجنت بیکرز

0544-650560 0336-6699660 0333-5411999




© rasailojaraid.com